اثبات جزاو سزا پر بہترین شہادت دیتے ہیں۔ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ کی تاویل میں جو پہلو فاضل مصنّف نے اختیار کیا ہے، ہمارے نزدیک وہ بجائے خود صحیح ہے، مگر بیان صاف اور سلجھا ہوا نہیں ہے۔ احوال انسانی کے تینوں مدارج، یعنی احسن تقویم پر پیدا کیا جانا، پھر اسفل سافلین میں ابتلاو آزمائش کے لیے اتارا جانا، اور آخر کار ایمان و عمل صالح کی بدولت ترقی کرکے اس مقام پر پہنچنا جو احسن تقویم" کی فطرت کے شایاں ہے، ان مباحث کو اگر زیادہ پھیلا کر بیان کیا جاتا اور ایک ایک چیز کی تشریح فطرت انسانی کے شواہد سے کی جاتی تو حقیقت بالکل نکھر کر سامنے آجاتی۔ ممکن ہے مصنف نے اختصار کی خاطر زیادہ تفصیل میں پڑنا مناسب نہ سمجھا ہو۔

مرقاۃ القرآن | تالیف مولوی محمد عبد اللہ صاحب کامل۔ ضخامت ۹۶ صفحات۔ قیمت چھ آنے۔ ملنے کا پتہ۔ انجمن ارباب ذوق۔ بھوانہ بازار۔ لائل پور

یہ مختصر کتاب اس غرض کے لیے لکھی گئی ہے کہ طلبہ عربی زبان کے قواعد کو قرآن مجید کے ذریعہ سے حاصل کریں، اور زبان سے جتنی جتنی اُن کی واقفیت بڑھے اُتنا ہی وہ قرآن کو زیادہ سمجھنے لگیں۔ مصنف نے ایک خاص ترتیب کے ساتھ چالیس سبق درج کیے ہیں اور ہر سبق میں نحو کے کسی ایک قاعدہ کی بہت سی مثالیں قرآن مجید سے اخذ کرکے جمع کردی ہیں اس کے ساتھ ہی ایک مختصر رسالہ انہوں نے کلید قرآن کے نام سے لکھا ہے جس میں اسی ترتیب کے ساتھ نحوی قواعد کی تشریح بھی کردی ہے اسکی قیمت ۸/ ہے اور یہ دونوں کتابیں مل کر عربی زبان کی تحصیل کے لیے اچھی مددگار ہو سکتی ہیں۔

تیسیر القرآن | تالیف مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی۔ ضخامت ۸۰ صفحات۔ قیمت ۸/۔ ملنے کا پتہ مکتبۂ امارت شرعیہ۔ پھلواری شریف، پٹنہ۔

یہ کتاب بھی اسی غرض کے لیے لکھی گئی ہے کہ قرآن مجید کی مدد سے عربی زبان کو حاصل کیا جائے یا بالفاظ دیگر قرآن خود اپنے آپ کو پڑھائے۔ اس میں قرآن مجید کے تقریباً تمام الفاظ کو جمع کرکے نحوی قواعد پر مرتب کیا گیا ہے اور ترتیب ایسی رکھی گئی ہے کہ طالب علم بتدریج قواعد نحویہ سے واقف ہوتا جائے، اور جتنا جتنا قواعد سے واقف ہو اُتنا ہی قرآن کو سمجھتا چلا جائے۔ کیا ہی بہتر ہو کہ عربی زبان کی ابتدائی تعلیم